فوری ریلیز کے لیے: 12/10/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے اخراجوں میں کمی اور کاربن کو الگ کرنے کے لیے اختراعی قدرتی حلوں کے فروغ کی خاطر 18.1$ ملین کی رقم کا اعلان کیا ہے

یہ فنڈنگ مستحکم حلوں کی پیمائش کے لیے کارگر اختراعی عمل میں معاونت کرے گی

سنہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے لیے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ہدف کی حمایت کرتی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ قدرتی کاربن سلوشنز انوویشن چیلنج کے ذریعے اب 18.1$ ملین دستیاب ہیں تاکہ جدید قدرتی نوعیت پر مبنی حل تیار کیے جا سکیں جو نئی مصنوعات اور خدمات کے ذریعے کاربن کے اخراج کو کم کرتے ہیں اور کاربن کو الگ کرتے ہیں۔ مذکورہ فنڈنگ اختراعی عمل میں معاونت کرے گی، صلاحیت کی تشکیل میں مدد دے گی، پالیسی سے متعلق آگاہ کرے گی، اور بہترین عملوں کو عمدہ بنائے گی تاکہ مستحکم سدباب کو ممکن کر سکے۔ آج کا اعلان سنہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ہدف کی حمایت کرتا ہے۔

"نیویارک جدت میں اضافے اور کاربن کے اخراجوں میں کمی کے ہمارے طریقوں میں انقلاب پیدا کر کے موسمیاتی تبدیلی کے خلاف جنگ میں قیادت کر رہا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "موجودہ طور پر دستیاب 18.1$ ملین کی رقم جدید ترین ٹیکنالوجیز، علم، اور ایسی مصنوعات کی حامل کمپنیوں کو متوجہ کرنے میں مدد دے گی جو کاربن کے اخراجوں کو کم کریں اور نیویارک کے باشندوں کے لیے مزید لچکدار، آلودگی سے پاک مستقبل کا قیام عمل میں لائے۔"

ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی اور ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA)، جو اپنے قدرتی کاربن سلوشنز چیلنج کے ذریعے فنڈنگ کا انتظام کرے گی، نجی کمپنیوں، تحقیقی اداروں، اور دیگر تنظیموں سے جدید حلوں کے لیے ایسی تجاویز طلب کر رہی ہے، جن کے نتیجے میں کم اخراج والی مصنوعات پیدا کی جائیں یا پائیدار امواد میں کاربن کو الگ کیا جائے۔ دلچسپی کے حامل حلوں میں کاربن الگ کرنے کے عمل میں اضافہ کرنے کے طریقے، فاضل میتھین کے اخراجوں میں کمی، اور نیویارک میں موجود عمارتوں کے مجموعے کی ضروریات میں معاونت شامل ہیں، بالخصوص ان عمارتوں کی تجدید اور نئی تعمیر کے لیے، جو نیویارک کے توانائی کے تحفظ کے اہداف کے حصول میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ مزید برآں، اس درخواست میں ایسے لائحہ عمل تلاش کیے جاتے ہیں جن سے کاربن الگ کرنے کے عمل میں اضافے کے لیے زمین کے معیاری استعمال، لچک اور قابلِ تجدید توانائی کو مؤثر بنانے، فضائی و آبی آلودگی میں کمی لانے، توانائی کی سروسز کی لاگتوں میں کمی فراہم کرنے، اور ماحول مستعد صنعتوں میں ملازمتوں کی تشکیل کی ترغیب دے کر منفرد لائحہ عمل بروئے کار لاتے ہوئے محروم کمیونٹیز اور ماحولیاتی انصاف کے شعبوں کو فائدہ پہنچ سکے۔

ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا، "ریاست نیویارک ایک اختراعی پہل کار ہے اور چونکہ ہم اپنے صاف توانائی کے پُرعزم اہداف کے حصول کی تلاش

میں ہیں، اس لیے ہمیں اس راہ پر گامزن ہونا ہو گا جو موسم کو فائدہ پہنچانے کے لیے ہمارے قدرتی وسائل کو بروئے کار لا سکے۔ جب ہم اختراعی حلوں کو ایک خاص سطح تک لے کر آتے ہیں، تو ہم فراہمی کے سلسلے کو فعال کر دیتے ہیں، اور یہ چیز مقامی کمیونٹیز پر براہ راست اثرانداز ہوتی ہے اور ان کی معیشتوں کو متحرک کرنے کے ساتھ ساتھ مستقبل میں خاندان کی کفالت کے لیے ملازمتیں تخلیق کرتی ہے۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر اور ماحولیاتی اقدام کونسل کے شریک صدر Basil Seggos نے کہا، "نیویارک کے اندر مصنوعات و خدمات کے فروغ کے سلسلے میں اخراجوں میں کمی اور کاربن کو جدا کرنے کے حلوں کو یقینی بنانے کے لیے یہ شاندار سرمایہ کاری ہمیں قومی رہنما موسمیاتی ایکٹ کے تقاضے کے مطابق سنہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے ہمارے ہدف کے حصول میں مدد دے گی۔ گورنر Hochul کی جانب سے اعلان کردہ یہ فنڈنگ کمپنیوں کو ایسے وسائل فراہم کرے گی جو جدید ٹیکنالوجیز کی فراہمی میں انہیں درکار ہیں، جو کہ ہماری معیشت کو کاربن سے پاک کرتے ہیں اور ماحول کی حفاظت اور موسمیاتی تبدیلی پر قابو پانے کی ہماری کوششوں کے سلسلے میں آلودگی سے پاک، سرسبز و شاداب مستقبل کو یقینی بناتے ہیں۔"

ریاست نیویارک کے کمشنر برائے زراعت Richard A. Ball نے کہا، "ریاست نیویارک کا اختراعی عمل میں ہمیشہ سے قائدانہ کردار رہا ہے، جو کہ بالکل وہی لائحہ عمل ہے جو کہ ہمیں بڑے پیمانے پر موسمیاتی تبدیلی پر قابو پانے کے لیے درکار ہوتا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی پر قابو پانے کے لیے شعبۂ زراعت کے کردار سمیت موسمیاتی اقدام کی کونسل کے ہمارے تمام تر شراکت داران کے کام پر مجھے فخر ہے۔ جبکہ قدرتی کاربن سلوشنز انوویشن چیلنج ایک اور ذریعہ ہے جو کہ بطور ریاست اب ہمارے پاس موجود ہو گا تاکہ اخراجوں میں کمی لا سکیں اور کاربن کو الگ کر سکیں، جس سے ہمیں مزید مستحکم مستقبل کے اہداف تک رسائی میں مدد ملے گی۔"

NYSERDA 29 نومبر 2022 تک درخواستیں منظور کرے گی۔ اس پروگرام سے متعلق مزید جانے کے لیے، براہ کرم 3 نومبر 2022، بروز جمعرات دن 1:00 بجے - سہ پہر 3:00 بجے NYSERDA ویبینار میں شرکت کے لیے اندراج کروائیں۔ اس اقدام کے لیے فنڈنگ کی فراہمی ریاستی 10 سالہ 6$ ارب کے صاف توانائی فنڈ اور علاقائی گرین ہاؤس گیس اقدام کی جانب سے کی جاتی ہے۔

آج کا اعلان ان اختراع سازوں اور کمپنیوں کی معاونت کے لیے تحقیق، ترقی، اور کمرشلائزیشن میں ریاست نیویارک کی سرمایہ کاریاں تشکیل دیتا ہے، جو معیشت گیر کاربن سے پاک ماحول کا ریاستی ہدف پورا کرنے کے لیے درکار کم اخراج کی حامل اور کاربن کو الگ کرنے والی ٹیکنالوجیز کے لیے متحرک ہیں۔ NYSERDA کا اختراعی پروگرام 10 سال کے عرصے کے دوران گرانٹس اور ریپ اراؤنڈ کمرشلائزیشن سپورٹ کے ذریعے براہ راست سرمایہ کاریوں کے طور پر 800$ ملین کی رقم مقرر کر رہا ہے۔ NYSERDA ٹیکنالوجی اور کاروباری ترقی کی سرمایہ کاریوں کے نتیجے میں نجی سرمایہ کاریوں میں 680$ سے زائد جبکہ پروجیکٹ فنانس کیپیٹل میں 200$ ملین پیدا کیے گئے ہیں، نیز 450 سے زائد اختراعی کلین انرجی مصنوعات کو کمرشلائز کیا گیا ہے، جن میں LED لائٹنگ سسٹمز، گھریلو آلات، زیادہ دیر تک چلنے والی بیٹریاں، اور زیادہ موثر حرارتی اور کولنگ سسٹمز شامل ہیں۔

ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey نے کہا، "نیویارک موسمیاتی بحران کا مقابلہ کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے، اور قدرتی کاربن سلوشنز انوویشن چیلنج کا حالیہ ترین مرحلہ ہمارے CLCPA کی تکمیل کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ مثالی پروگرام موسمیاتی لچک پذید حلوں کے سلسلے میں کاروباری اداروں کو جرات مندانہ، ترقی کی جانب رواں اقدام کی ترغیب دیتا ہے، مثلاً ایسی مشترکہ نوعیت کی کوشش کا مظاہرہ کرتے ہوئے کاربن الگ کرنا اور اخراجوں میں کمی لانا، جو ہمیں نیویارک کے باشندگان کی آئندہ نسلوں کے لیے اپنے سیارے کو محفوظ بنانے کے لیے درکار ہیں۔"

رکن اسمبلی Michael Cusick نے کہا، "اخراجوں میں کمی کے لیے اختراعی سوچ کو متحرک کرنے کے لیے اس قسم کی سرمایہ کاریاں کرنا ناگزیر ہے اور اس سے ہمیں نیویارک کو اپنے موسمیاتی ایکٹ کے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کے ہدف کے حصول کے قریب آنے میں مدد ملے گی - جس سے نیویارک کے تمام باشندوں پر مثبت اثر مرتب ہونے کے ساتھ سب لوگوں کے لیے صاف، صحت بخش مستقبل حاصل ہو سکے گا۔"

رکن اسمبلی **Donna Lupardo نے کہا**، "مجھے NYSERDA کو قدرتی کاربن سلوشنز انوویشن چیلنج کو فروغ دیتے ہوئے دیکھ کر نہایت خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ ریاست کے جارحانہ موسمیاتی اہداف کو پورا کرنے کے لیے، ہمیں قدرتی کاربن کو الگ کرنے اور اخراجوں میں کمی لانے کو نئے اور اختراعی طریقوں کے ذریعے فعال انداز میں فروغ دینا ہو گا۔ اسی وجہ سے اس نمایاں کردار کو تسلیم کرتے ہوئے جو کہ نیویارک کا شعبۂ زراعت ادا کر سکتا ہے؛ جب سینیٹر Hinchey اور میں نے مٹی کی زرخیزی اور موسمیاتی لچک پذیری ایکٹ (Soil Health and Climate Resiliency Act) کو منظور کیا تو ہمارے ذہنوں میں یہی بات تھی۔ اب جس چیز کی ہمیں ضرورت ہے، وہ ان قابلِ پیمائش اقدامات کے لیے مستحکم معاونت کا حصول ہے۔"

ریاست نیویارک کا قومی رہنما موسمیاتی ایکٹ

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418